اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# " تعلیمِ قرآن دنیا بھر میں عام کریں"کے 26حروف کی نسبت سے" شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز(Boys)" کے 26مدنی پھول

**فرامینِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ : ❁"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے" اس مَدَنی پھول کو اپنے اور ایک ایک طالبِ علم کے ذِہن میں ایسا راسخ کر دیجئے کہ وہ اس مَدَنی مقصد کو اپنی زندگی کا اُصول بنالے'اِس طرح اِنْ شَآءَاللہ آپ کی اپنی دعوتِ اسلامی کے "مَدَنی کام" کو پرواز کے مَدَنی پَر لگ جائیں گے ❁ مدرَسے میں اور اس کے علاوہ بھی " پردے میں پردہ" کیجئے اور طَلَبہ کو بھی اس کا پابند بنائیے۔انہیں نیک اعمال کا رِسالہ جمع کروانے کی اتنی ترغیب دی جائے کہ ان کا ذِہن بن جائے کہ نیک اعمال پر عمل ہماری زندگی کا لازِمی جُزو ہے ❁ مدرِس پڑھانے میں خواہ کتنا ہی ماہر ہو' بے شک اسکا دَرَجہ پڑھائی کے مُعاملے میں اوّل آتا ہو مگر میرے نزدیک وُہی مُدرّس کامیاب ہے جو "دعوتِ اسلامی" کے دیئے ہوئے مَدَنی ذِہن کے مطابق طَلَبہ کی اَخلاقی تربِیّت کرنے میں بھی کامیاب رہے ۔ اگر آپ کو واقعی دعوتِ اسلامی سے پیار ہے تو ہر بچے اور طالبِ علم کو خائفِ خدا' عاشقِ مصطفٰے' والدَین کا فرمانبردار'سنجیدہ' بااَخلاق'زبان اور آنکھ کے قفلِ مدینہ کا عامِل اور " دعوتِ اسلامی" کا شَیدا بنانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں لگا دیجئے ❁ مدرَسے کی مجلس کے عنایت کردہ جدوَل کے مطابِق اپنے عَلاقے کے مَدَنی قافِلوں میں عاشقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سفر فرمایا کیجئے ❁ ذِمّے داران کی اِطاعت کرتے ہوئے اپنے عَلاقے میں دعوتِ اسلامی کے دِینی کاموں کی دُھومیں مچاتے رہئے اور مدرسۃُالمدینہ (بالِغان) میں روزانہ پڑھانے کی سعادت بھی حاصل کرتے رہئے نیز ہر ماہ نیک اعمال کا رِسالہ بھی جمع کروایئے۔ (تفصیل کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "رہنمائے مدرسین" ص8تا13 کا مطالعہ کیجئے)۔

**{1}: فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔(المعجم الکبیر للطَّبَرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)اس لیے فیضان آن لائن اکیڈمی کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ "72نیک اعمال" میں سے "نیک عمل نمبر1" پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ :"میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی، حصولِ **ثواب** اور **اسلام وسُنّیت** کی خدمت کے لیے **دعوتِ اسلامی** کے "**شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز**(Boys) " کا دِینی کام، شرعی و تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق کروں گا اِنْ شَآءَ اللہ۔

**{2}:** شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی کے تحت ملک وبیرونِ ملک کے عاشقانِ رسول داخلہ لے سکتے ہیں'فیضان آن لائن اکیڈمی میں فی الوقت (تادمِ تحریر) مدنی قاعدہ'ناظرہ قرآنِ پاک'حفظِ قرآن پاک اور درسِ نظامی سمیت تقریباً30 مختلف کورسز آن لائن کروائے جاتے ہیں مثلاً فیضانِ نماز کورس'ترجمۃالقرآن کورس' طہارت کورس'عقائد وفقہ کورس'نیو مسلم کورس'فیضانِ بہارِ شریعت کورس'فیضانِ عمرہ کورس'فیضانِ حج کورس اور فیضانِ حدیث کورس وغیرہ۔

❁ وفاقی وزارتِ تعلیم کی اجازت سے دعوتِ اِسلامی کا تعلیمی بورڈ بن گیا ہے جس کا نام کنزالمدارس ہے۔

❁ دعوتِ اِسلامی کے شعبے جامعۃ المدینہ کے لئے ایک بڑا اعزاز جامعۃ المدینہ کی درسِ نظامی کی سند ڈبل ایم اے کے مساوی قراد (HEC)سے منظوری کے بعد وفاقی وزاتِ تعلیم نے جامعۃ المدینہ کی تعلیمی حیثیت سے متعلق نوٹیفیکیشن جاری کر دیا اب جامعۃ المدینہ سند جاری کرنے والا ادارہ بن گیا ہے۔

**{3}:** فیضان آن لائن اکیڈمی کی عمارت کے مکمل کاغذات پر اپرٹی اینڈ کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ (Property & Construction Dept) (دعوت اسلامی) کے طریقِ کار کے مطابق دعوتِ اسلامی کے نام ہونے چاہئیں۔

**{4}:** فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز کی نئی برانچ کھولنے کے لیے شعبے کی طرف سے دی گئی شرائط پر عمل / کے مطابق اور تحریری اجازت سے ہی نئی فیضان آن لائن اکیڈمی کھولی جاسکتی ہے۔

**{5}:** اگر کوئی پلاٹ/عمارت یا چلتا ہوا مدرسہ دعوتِ اسلامی کے سپرد کرنا چاہے تو اس کو مدنی مرکز کے دیئے گئے طریق کار کے مطابق (شرعی رہنمائی' اپنے شعبے اور اس علاقے کے متعلقہ رکنِ شورٰی کی اجازت سے ) لیا اور چلایا جائے گا۔

**{6}:** فیضان آن لائن اکیڈمی میں مدنی عملہ کی تقرری/تبدیلی اور معزولی' شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی اور ایچ-آر ڈیپارٹمنٹ (اجارہ) کی مشاورت سے ہوگی۔

**{7}:** کوئی بھی پمفلٹ' تحریر وفارم وغیرہ مرکزی مجلسِ شورٰی کی اجازت کے بغیر چھاپنے کی اِجازت نہیں۔

**{8}:** فیضان آن لائن اکیڈمی میں تعلیمی وامتحانی جدول' شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی ہی طے کرے گا۔

**{9}:** فیضان آن لائن اکیڈمی کے مدرسین'شعبے کی طرف سے دیے گئے جدول کے مطابق روزانہ مدنی درس (درسِ فیضانِ سنت) دیں اور بعدِ اوقاتِ اجارہ باہر جاکر چوک درس دیں۔ روزانہ جائزہ' ہفتہ وار علاقائی دورہ' ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت اور جدول کے مطابق ہر ماہ مدنی قافلے میں سفر { مدنی قافلے میں سفر کرنے والے اسلامی بھائی کی کم از کم عمر22 سال ہے'البتہ 10 سے 21 سال کے عاشقانِ رسول کے والد یا سگے بڑے بھائی مدنی قافلے میں سفر کریں تو وہ بھی ان کے ساتھ سفر کرسکتا ہے'12/10 سال کا بچہ جس مدنی قافلے میں اپنے والد یا بڑے بھائی کے ساتھ سفر کر رہا ہو'اس مدنی قافلے میں دوسرے بچے کو سفر نہ کروایا جائے تاکہ سنجیدگی برقرار رہ سکے } کا لازمی معمول بنائیں۔

**{10}:** فیضان آن لائن اکیڈمی میں کوئی بھی نیا کام یا تبدیلی شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی کی تحریری اجازت کے بغیر نہ کی جائے۔

**{11}:** اسلامی بھائیوں اور بچوں کو فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز (اسلامی بھائیوں/بچوں کی اکیڈمی) نیز اسلامی بہنوں اور بچیوں کو فیضان آن لائن اکیڈمی گرلز (اسلامی بہنوں/بچیوں کی اکیڈمی) میں ہی داخلہ دیا جائیگا۔ قاری صاحب (مُدرِّس)'اسلامی بہنوں اور بچیوں کو یا اسلامی بہن (مُدرِّسہ)'اسلامی بھائیوں

اور بچوں کو نہیں پڑھا سکتیں اور نہ ہی کہیں مخلوط تعلیمی نظام کی اجازت ہے، (7سال یا اس سے کم عمر کی بچیوں کو ضرورتاً اِسلامی بھائیوں کے پاس بھی داخلہ دیا جاسکتا ہے اور جیسے ہی ان کی عمر 8 سال ہوتی ہے تو پھر ان کو صرف اِسلامی بہنیں ہی پڑھاتی ہیں) یاد رہے ! فیضان آن لائن اکیڈمی میں کوئی بھی غیر شرعی یا غیر تنظیمی کام کرنے کی قطعاً اجازت نہیں۔

**{12}:** فیضان آن لائن اکیڈمی میں پیش آنے والے ہر طرح کے مسائل کا حل تنظیمی طریقِ کار کے مطابق ہی فرمائیں۔ مثلاً مدرس کو کوئی مسئلہ درپیش ہے تو وہ اپنے شفٹ ناظم کو تحریری طور پر پیش کرے، زیادہ تاخیر / مسئلہ حل نہ ہونے / اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بتدریج برانچ ناظم / زون ذمہ دار / ریجن ذِمہ دار فیضان آن لائن اکیڈمی / نگران مجلس پاکستان کو پیش کرے، پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو اپنے شعبہ کے متعلقہ رکنِ شوریٰ کو پیش کرے۔ اگر پھر بھی حل نہ ہو تو فیڈ بیک ڈیپارٹمنٹ پاک کابینہ آفس سے رابطہ کیا جائے جب تک شرعاً واجب نہ ہو جائے کسی کی غلطی کو (بلا اجازت شرعی) دوسرے کے آگے بیان کرکے بدگمانیوں، غیبتوں، چغلیوں اور ایک دوسرے کے عیوب اُچھالنے کا بازار گرم کرکے اپنی آخرت اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنیں۔

**{13}:** فیضان آن لائن اکیڈمی کے وہ ذِمہ داران جو مالِ وقف کے امین ہیں، انہیں چاہیے کہ اپنی ذِمہ داری کا احساس کرتے ہوئے شرعی تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے : وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ o ترجمہ کنزالایمان۔ "اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرتے ہیں۔ (پ۱۸ سورۃ المؤمنون:۸) صدرالافاضل، حضرت علامہ مولانا مفتی سید محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ رحمۃ اللہ الہادی تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں : "خواہ وہ امانتیں اللہ کی ہوں یا خلق کی اور اسی طرح عہد، خدا کے ساتھ ہوں یا مخلوق کے ساتھ۔ سب کی وفا لازم ہے"۔

**{14}:** فیضان آن لائن اکیڈمی کے تمام ذِمہ داران اپنے تحت کام کرنے والے اجیروں کی امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے رسالے "حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول" کے مطابق رہنمائی فرماتے رہیں، نیز انہیں مدنی مرکز کی طرف سے دیئے گئے جدول پر عمل کرنے کا پابند کریں، جو اجیر (اُجرت پر کام کرنے والا) اپنا کام مکمل نہیں کرتا یا سُستی، کاہلی کی وجہ سے کوتاہی کرتا ہے تو جس قدر کام میں کوتاہی کی اُتنی اُجرت لینے کا مستحق نہیں، اس پر لازم ہے کہ اتنی رقم کی کٹوتی کروائے۔ اگر کام میں سُستی کرنے کے باوجود پوری اُجرت لیتا رہا تو توبہ کے ساتھ ساتھ اتنی رقم لوٹانا بھی لازم ہوگا لوٹائے بغیر بَریُ الذِّمہ نہ ہوگا۔

امامِ اہلسنت، مجدّدِ دین وملت، حضرت علامہ مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں : "کام کی 3 حالتیں ہیں (۱) سُست (۲) معتدل (۳) نہایت تیز، اگر مزدوری میں سُستی کے ساتھ کام کرتا ہے، گنہگار ہے اور اس پر پوری مزدوری لینی حرام ہے، اتنے کام (یعنی جتنا اس نے کیا) کے لائق جتنی اُجرت ہے لے، اُس سے جو کچھ زیادہ ملا مستاجر (جس کے ساتھ اجارہ کا معاہدہ کیا) کو واپس دے"۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۱۹ اص۴۰۷)۔

**{15}:** فیضان آن لائن اکیڈمی کے ذریعے جو بھی عطیات (Donation) اکھٹے ہوں، وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروائیں، طے شدہ اخراجات فنانس ڈیپارٹمنٹ سے گوشوارہ دے کر حاصل فرمائیں، اپنے طور پر عطیات (Donation) جمع کرکے، خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔ دفتر فیضان آن لائن اکیڈمی کی عمارت) میں دعوتِ اسلامی کے عطیات بکس (Donation Box) کی ترکیب ہونی چاہیے، اطراف کی دُکانوں وغیرہ میں جو عطیات بکس (Donation Box) رکھے جائیں، اس کی ترکیب شعبہ عطیات بکس (Donation Box) ہی کرے گی۔

**{16}: اہداف**: شعبے کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگران کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، نیک اعمال، اِصلاح اعمال کورس، 12 دینی کام کورس، فیضانِ نماز کورس کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

## {17}: شعبے میں تفتیش کا نِظام

❀ فیضان آن لائن اکیڈمی میں 2 طریقوں سے تفتیش کی جاتی ہے۔

**(1)** مختلف شفٹوں میں ہر ہر کلاس / ٹیچرز کی تفتیش ریکارڈنگ کے ذریعے ہوتی ہے جس کے لئے باقاعدہ مفتشین کا تقرر ہے جو کہ تعلیمی، اخلاقی، روحانی، ودیگر حوالوں سے تفتیش کرتے ہیں۔

**(2)** طلبہ کے ماہانہ، سہ ماہی اور تکمیلی امتحانات کے ذریعے سے بھی تفتیش کی جاتی ہے۔

## {18}: شعبے کا بینر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
**شعبہ فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز(Boys)**
**فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز(Boys) میں داخلے(Admission)کے لئے رابطہ فرمائیں**
UAN 0313-9292992/ www.quranteacher.net/ FaizanOnlineAcademy

شعبے کا بینر (Panaflex) پرنٹ کروا کر سٹینڈی (Standee) پر لگا کر بستے کے قریب رکھا جائے۔ یاد رہے ! یہ سٹینڈی مسجد / فنائے مسجد میں کہیں فِکس (Fix) نہ کی جائے۔ ❀اس مقام (جہاں بینر لگا ہو) پر شعبے کے ذِمہ داران کا ہونا ضروری ہے، بستے پر بیٹھنے والے اِسلامی بھائی نیک اعمال کے پابند ہونے چاہئیں تاکہ جو بھی ان کے پاس آئے اس کو بھی عمل کا جذبہ ملے، وہ بھی نیک اعمال پر پابندی کا ذہن لے کر جائے نیز وہ اسلامی بھائی نہایت مِلنسار، خوش اخلاق، مُسکرا کر گفتگو کرنے والا ہو اور بستے پر آنے والوں پر یکساں توجہ دینے والا ہو۔

## تقرری سے متعلق مدنی پھول

### {19}: ذِمہ داران کے تقرر/تبدیلی کا طریقِ کار:

| # | سطح | ذِمہ دار | تقرری/تبدیلی کا طریقۂ کار |
|---|---|---|---|
| 1 | کم و بیش 12 طلباء | مدرس | |
| 2 | کم و بیش 8 طلباء | جزوقتی مدرس | |
| 3 | کم از کم 6 تا 12 درجات | شفٹ ناظم | |
| 4 | 10 درجات | معاون ناظم/ٹریز | |
| 5 | 2 سے 6 شفٹیں | برانچ ناظم (رکن کابینہ) | **نگرانِ کابینہ، متعلقہ شعبے کے** زون ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔ |
| 6 | کم از کم 6 تا 12 درجات | شفٹ تعلیمی ذمہ دار | |
| 7 | تعلیمی ذِمہ دار | کم از کم ایک شاخ پر | |
| **توجہ فرمائیں**: رکنِ کابینہ کی تبدیلی کے لیے **شعبے کے رِیجن ذمہ دار سے مشاورت** ضروری ہے۔ | | | |
| 8 | زون | رُکنِ زون | **نگرانِ زون، متعلقہ شعبے کے** ریجن ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔ |
| 9 | رِیجن | رِیجن ذِمہ دار | **ریجن ذمہ دار کی تقرری/تبدیلی نگرانِ ریجن اور متعلقہ شعبے کے نگرانِ مجلس** (پاکستان) کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔ |
| 10 | مُلک | پاکستان ذمہ دار | **پاکستان سطح** کے ذمہ دار کی تقرری یا تبدیلی شعبے کے متعلقہ رکنِ شوریٰ اور **نگرانِ پاکستان مشاورت** کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔ |
| 11 | مرکزی مجلس شوریٰ | رُکنِ شوریٰ | |

❀جزوقتی شفٹ میں 8/7 طلبہ پر 1، جبکہ کل وقتی میں 12 طلبہ پر 1 مدرس کا تقرر ہوگا❀6 سے 12 درجوں یعنی 6 سے 12 مدرسین پر ایک شفٹ ناظم اور ایک ریکارڈنگ سننے والے اسلامی بھائی ہوں گے، 18 درجوں سے زیادہ ہونے کی صورت میں ضرور تاً ایک معاون اسلامی بھائی کا تقرر کیا جاسکتا ہے جبکہ 24 درجات ہوجانے پر 2 شفٹیں بنائی جاسکتی ہیں❀کم از کم 2 اور زیادہ سے زیادہ 6 شفٹوں پر 1 برانچ ناظم کا تقرر ہوگا، ایک ہی عمارت میں 6 سے زیادہ شفٹیں ہونے کی صورت میں ان سب پر 1 ہی برانچ ناظم مقرر کیا جاسکتا ہے❀برانچ ناظم رُکنِ کابینہ ہوگا❀ 72 سے زائد درجوں پر زون ذِمہ دار مقرر ہوں گا❀جوں جوں اس شعبے کی شاخیں کھلتی جائیں گی، شعبے میں ذمہ داران کا اضافہ ہوتا چلاجائے گا❀ایک رکنِ مجلس برائے ایڈمیشن ڈیپارٹمنٹ ہوں گے❀ایک رکنِ مجلس تعلیمی اُمور ہوں گے جن کے تحت تعلیمی ذِمہ دار اور شفٹ تعلیمی ذمہ دار ہوں گے❀تقرر مکمل ہونا شعبے میں ترقی کا اہم ذریعہ ہے، ایسے عاشقان رسول کا تقرر کیا جائے جو خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ والا، حُسنِ اَخلاق کا پیکر، غُصیلا اور بات بات پر ناراض ہونے کے بجائے حلم و بُرد باری والا، مُرشد مُرشد کرنے والا، 12 دینی کام کرنے والا، مدنی مرکز کی اطاعت کرنے والا، وقت دینے والا، اور فرض علوم سیکھنے والا ہو (مدنی ہو تو بہت اچھا ہے)۔

## مدنی مشوروں سے متعلق مدنی پھول

### {20}: مدنی مشورں کا نظام

| # | سطح | شعبہ / سطح | مدنی مشورہ کرنے والے | شرکاء | کتنے ماہ بعد | کس ماہ مدنی مشورہ ہوگا (بالمشافہ) | تاریخ | دورانیہ (عِلاوہ نمازوطعام) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کابینہ | کابینہ سطح | نگرانِ کابینہ | اراکینِ کابینہ، نگرانِ ڈویژن مشاورت | ہر 2 ماہ | (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، نومبر) | 4 | 4 سے 5 گھنٹے |
| 2 | | شعبہ مدنی مشورہ | رکنِ کابینہ | (تعلیمی ذِمہ داران، ناظمین) | ہر 2 ماہ | (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، نومبر) | 4 | 3 سے 4 گھنٹے |
| 3 | | شعبہ مدنی مشورہ | رِیجن ذِمہ دار | شعبے کے تحت اِس کابینہ کے ہر سطح کے ذِمہ داران کو بُلایا جاسکتا ہے | ہر 3 ماہ | (جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر) | 4 | 3 گھنٹے |
| 4 | زون | زون سطح | نگرانِ زون | اراکینِ زون، نگرانِ کابینہ | ہر 2 ماہ | (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، نومبر) | 5 | 6 سے 7 گھنٹے |
| 5 | | شعبہ مدنی مشورہ | زون ذِمہ دار | اراکینِ کابینہ | ہر 2 ماہ | (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، نومبر) | 5 | 4 سے 5 گھنٹے |
| 6 | | شعبہ مدنی مشورہ | نگران مجلس | زون ذِمہ دار، اراکینِ کابینہ | ہر 4 ماہ | (مارچ، اگست، دسمبر) | 5 | 3 سے 4 گھنٹے |
| 7 | رِیجن | رِیجن سطح | رِیجن نگران | ہر رِیجن ذِمہ دار اور زون نگرانوں سے اِنفرادی مَدَنی مشورہ | ماہانہ | ہر ماہ | 6 | ہر مدنی مشورہ ڈیڑھ تا 2 گھنٹے |
| 8 | | | رِیجن نگران | رِیجن ذِمہ داران + زون نِگران | ہر 3 ماہ | (جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر) | 6 | مکمل دن (12 گھنٹے) |
| 9 | | شعبہ مدنی مشورہ | رِیجن ذِمہ دار | زون ذِمہ داران | ہر 2 ماہ | (جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، نومبر) | 6 | 5 سے 6 گھنٹے |
| 10 | | شعبہ مدنی مشورہ | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | رِیجن ذِمہ دار، زون ذِمہ داران، اراکینِ کابینہ | ہر 6 ماہ | (فروری، ستمبر) | 6 | 4 سے 5 گھنٹے |
| 11 | مُلک | شعبہ مدنی مشورہ | نگران مجلس | رِیجن ذِمہ داران | ہر 3 ماہ | (جنوری، اپریل، جولائی، اکتوبر) | 7 | مکمل دن (12 گھنٹے) |

**{21}:** مدنی مشوروں میں پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والے مدنی پھول پڑھ کر سنائے جائیں،ذمہ داران کے لیے مدنی مشورے کے 19 مدنی پھولوں کے مطابق مدنی مشورے کی ترکیب کی جائے۔❀ شعبہ کے تمام ذِمہ داران مدنی مشوروں میں طے ہونے والے اہداف کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔

**{22}:** معمول (Routine) سے ہٹ کر عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں ہونے والے شعبہ جات کے مدنی مشوروں یا عاشقانِ رسول کے سُنّتوں بھرے اِجتماعات کے لیے اوّلًا "اِجازت نامہ" مکمل پُر (Fill) کرکے طے شدہ طریقِ کار کے مطابق متعلقہ ذِمہ دار کو جمع کروانا ہوگا۔یہ اِجازت نامہ پاکستان مشاورت آفس سے حاصل کیا جاسکتا ہے)

**{23}:** متعلقہ رُکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے تحت ذِمہ داران کے سُنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اور نئے ذِمہ داران کی رہنمائی کا سامان ہوتا رہے۔❀ نیز شعبے کے ذِمہ داران میں تنظیمی فنون کے ساتھ ساتھ فنی (Professional) رہنمائی کا بھی سلسلہ ہوتا رہنا چاہئے اس کے لئے اپنے شعبے کے پروفیشنلز سے مشاورت کی جائے۔

**{24}: کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: کابینہ :2✻زون : 3✻رِیجن : 4✻مُلک : 5

❀ ہرماہ کارکردگی چیک کرنا،سابقہ کارکردگی سے اس کے تقابل کا جائزہ لینے سے شعبے میں ترقی ہوتی ہے،اپنے نگران و ماتحت سے ہر وقت رابطے میں رہیں،کارکردگی پر ان سے مشورہ کرتے رہیں جو جتنا زیادہ رابطے میں رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔اِنْ شَاءَ اللہ❀ یادرہے ! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں ❀ اپنے طور پر کوئی بھی فارم مرتب نہ کریں، کسی فارم کے حوالے سے آپ کی تجاویز و مشورے ہوں تو تحریری طور پر پاکستان مشاورت آفس کو ای میل کریں۔

**{25}:** شعبہ جدول کو اپنا پیشگی **جدول (Schedule)** بھیجنا۔❀ مہینا مکمل ہونے پر یکم سے 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اوراِسی طرح جب بھی جدول میں تبدیلی ہو متعلقہ ذِمہ داران (متعلقہ نِگرانِ مشاورت نگران مجلس اور شعبہ جدول) کو بھیجنا۔

**{26}:** شعبے کے متعلق تنظیمی شکایات کو حل کرنا،آنے والی تجاویز پر مشورہ کرنا، ممکنہ صورت میں نافذ کرنا، فیڈ بیک ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے موصول ہونے والی تنظیمی شکایات وتجاویز کا رپلائی کرنا۔

## ذِمہ داران سے متعلق مدنی پھول

❀ تمام ذِمہ داران اپنے متعلق نیز شعبہ و ذِمہ داری کے متعلق فرض عُلوم سیکھیں، اس کے لیے **کتبِ امیرِ اہلسنّت، مکتبۃ المدینہ کی کتب دیگر کتب**: فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ہمارا اسلام وغیرہ کا مطالعہ فرمائیں۔

❀ کہا جاتا ہے کہ "شرفاء کے سینے رازوں کے دفینے"، اگر کسی کی کوئی کمزوری معلوم ہو جائے تو اُس کو چھپایا جائے ان شآءاللہ ہمارے عیب بھی چھپائے جائیں گے۔ چنانچہ حضرتِ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقائے مظلوم، سرورِ معصوم، حسنِ اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم نے فرمایا کہ "جو بندہ دنیا میں کسی بندے کی پردہ پوشی کرے گا اللہ عزوجل قیامت کے دن اس بندے کی پردہ پوشی کرے گا۔"

(صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب تحریم الغیبۃ، رقم 2590، ص 1397)۔

❀ اپنے شعبے کو 100٪ خود کفیل کرنے کے لئے انفرادی ماہانہ وسالانہ اہداف (بالخصوص مدنی مشوروں میں دینا) اور اس کا جائزہ کرتے اور کرواتے رہنا،اور شخصیات سے ملاقات کا جدول بنائیں، حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج 2، ص 407، رقم 1731) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر شخصیات وغیرہ کو ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر عاشقانِ رسول سے ترکیب بنا کر مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب ورسائل ،ماہنامہ فیضانِ مدینہ ،USB اور میموری کارڈز وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

❀ دِینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک عمل نمبر 16 اور 51 کے عامل بن جائیں❀ نیک عمل نمبر 16: کیا آج آپ نے "**مرکزی مجلسِ شوریٰ**" کے اُصولوں کے مطابق اپنے نگران کی اِطاعت کی؟ (شریعت کی اِجازت ہونے کی صورت میں شوریٰ کی اِطاعت میری اِطاعت، شوریٰ کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔)❀ نیک عمل نمبر 51: کسی اِسلامی بھائی (خصوصاً ذِمّے دار) سے مَعَاذَاللہ کوئی بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضرورت ہو تو تحریری طور پر، یا مِل کر، براہِ راست (نرمی سے) سمجھانے کی کوشش فرمائی؟ یا مَعَاذَاللہ بِلا اِجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟ ہاں! ناکامی کی صُورت میں جو اِس کی اصلاح پر قادر ہو اسے بتانے میں حرج نہیں۔ نیز وہ بُرائی اگر دین و دعوتِ اِسلامی کے لئے نقصان دہ ہو تو پھر تنظیمی ترکیب کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں بھی مضائقہ نہیں۔

❀ کفایت شعاری اپنایئے اور زائد اخراجات کو کم کریں/مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت، فون اور بجلی کے استعمال وغیرہ میں بھی یہ بات ذہن میں رہنی چاہئے کہ ہم مالِ وقف کی اشیاء استعمال کر رہے ہیں/ صفائی اور نظم وضبط بالخصوص وقت کی پابندی اور (دفتر) کی اشیاء کو ترتیب سے رکھنے کی ترکیب کی جائے۔

**نوٹ: متعلقہ رکنِ شوریٰ ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔**

**پاکستان مشاورت آفس**

**تاریخ اجراء (اپ ڈیٹ مدنی پھول 13 شوال المکرم 1442ھ-25 مئی 2021ء)**